سوال

(922) بہن کا بھائی کے سامنے کھلی پنڈلیوں سے آنا

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

کیا بہن کے لیے جائز ہے کہ کھلی پنڈلیوں گلے اور بازووٴں سے اپنے بھائی کے سامنے آجائے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

عورت اپنے محرم مردوں اور میل جول کی عورتوں کے سامنے سوائے چند اعضائے زینت کے اور کچھ نہیں ظاہر کر سکتی ۔ ان رشتوں کا ذکر اللہ تعالیٰ نے سورة النور کی آیت 31 میں فرمایا ہے : وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا لِبُعُولَتِهِنَّ أَوْ آبَائِهِنَّ اور زینت کے اعضاء جو وہ ظاہر کر سکتی ہے یہ ہیں : سر، گردن جہاں ہار پہنا جاتا ہے، کلائیاں جہاں کنگن ڈالے جاتے ہیں، یا بازو بند کی جگہ، ایسے ہی پاؤں اور پازیب پہننے کی جگہ ۔ صرف یہی اعضاء اور مقامات ہیں جو کوئی عورت اپنے محرم مردوں اور میل جول کی عورتوں کے سامنے ظاہر کر سکتی ہے ۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 653

محدث فتویٰ